مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، کیا عورتیں جو گھر میں اعتکاف کرتی ہیں وہ اپنے گھر میں جھاڑو لگانا، پونچھا لگانا، بیت الخلاء کی صفائی کرنا، کچن میں کام وغیرہ کر سکتی ہیں یا نہیں؟

الجامعۃ الاشرفیۃ
دار الافتاء
فیروزپور روڈ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ عورتیں جس جگہ یا کمرہ میں اعتکاف کر رہی ہوں ان کے لئے اس حد تک تو صفائی کرنا جائز ہے، لیکن بیت الخلاء کی صفائی یا گھر کے لیے کھانا پکانا، سارے گھر میں جھاڑو دینا وغیرہ جائز نہیں، اس سے مسنون اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ البتہ اپنے کھانے کا انتظام کرسکتی ہے بشرطیکہ کوئی اور موجود نہ ہو۔

الفتاوى الهندية (٢١٢/١)
ولا تخرج المرأة من مسجد بيتها إلى المنزل هكذا في محيط السرخسي،.والله تعالىٰ اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ
رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور
۱۴/ رمضان المبارک/ ۱۴۴۴ھ
05/ اپریل/ 2023ء

الجواب صحیح
محمد افتخار بیگ عفی عنہ
۱۴ / ۹ / ۱۴۴۴ھ

الجواب صحیح
[illegible]

دار الافتاء
رقم الافتاء: 127/153
التاریخ: 05/04/23
الجامعۃ الاشرفیۃ